**10-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............شمیم احمد

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ مرکزی وزراء کی کونسل کے قلمدانوں کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ راج ناتھ سنگھ، امت شاہ، نرملا سیتارمن، ایس جے شنکر اور نتن گڈکری اپنی اپنی وزارتوں پر کام کرتے رہیں گے۔

☆ شیوراج سنگھ چوہان کو زراعت اور دیہی ترقیات کی وزارتیں دی گئی ہے۔ اشونی ویشنو کو ریلوے کے ساتھ ساتھ اطلاعات و نشریات کا محکمہ بھی دیا گیا ہے۔

☆ نوتشکیل شدہ NDA حکومت نے، نئی دلی میں آج اپنی پہلی کابینہ میٹنگ کی۔ میٹنگ میں پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت تین کروڑ اضافی دیہی اور شہری مکانات کی تعمیر کی تجویز کو منظوری دی گئی۔

☆ پریم سنگھ تمنگ نے گینگٹاک میں دوسری مرتبہ سکم کے وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیا ہے۔

☆ اور، اکویٹی میوچوئل فنڈ میں نقد رقومات میں مئی کے مہینے میں 83 فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ تقریباً 34 ہزار 700 کروڑ روپے تک پہنچ گیا۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## PORTFOLIO ALLOCATION

مرکزی وزراء کی کونسل کے قلمدانوں کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ، دفاع کے محکمے کے وزیر رہیں گے۔ جناب امت شاہ، داخلی امور اور امداد باہمی کے محکمے کی وزارت پر برقرار رہیں گے۔ نتن گڈکری بھی سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے محکمے کے وزیر رہیں گے۔ جے پی پرکاش نڈا کو صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت اور کیمیکل اور فرٹیلائزر کی وزارت کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ اِدھر مدھیہ پردیش کے سابق وزیراعلیٰ، شیوراج سنگھ چوہان کو زراعت اور دیہی ترقیات کا محکمہ دیا گیا ہے۔

راشٹرپتی بھون سے ایک پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ محترمہ نرملا سیتارمن کو خزانہ اور کارپوریٹ امور کی وزارت دی گئی ہے۔ جبکہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کو امور خارجہ کی وزارت کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

اشونی ویشنو کو ریلوے اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کی ذمہ داری دی گئی ہے۔

پیوش گوئل، کامرس اور صنعت کی وزارت پر معمور رہیں گے اور دھرمیندر پردھان کو ایک بار پھر وزیرتعلیم کی ذمہ داری دی گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

VC - Superna Saikia

ہریانہ کے سابق وزیر اعلیٰ منوہر لال کھٹر کو مکانات اور شہری امور نیز توانائی وزارتوں کے قلمدان دیئے گئے ہیں۔ کرن رجیجو پارلیمانی امور کے نئے وزیر ہوں گے، جبکہ اَنّ پورنہ دیوی کو خواتین اور بچوں کی بہبود کا قلمدان سونپا گیا ہے۔ LJP کے رہنما چراغ پاسوان ڈبہ بند خوراک کی صنعتوں کے وزیر ہوں گے جبکہ جیوتر آدیتیہ سندھیا مواصلات اور شمال مشرقی خطے سے متعلق محکمے کی وزارت سونپی گئی ہے۔ JD(s) لیڈر ایچ ڈی کمار سوامی کو بھاری صنعتوں و اسٹیل کی وزارت کی ذمہ داری دی گئی ہے۔

بہار کے سابق وزیر اعلیٰ جیتن رام مانجھی MSME وزارت کا قلمدان سنبھالیں گے جبکہ سربانند سونووال بندرگاہ، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں وزارت سنبھالیں گے۔ JD(U) کے راجیو رنجن سنگھ کو پنچایتی راج کا قلمدان دیا گیا ہے جبکہ پرہلاد جوشی صارفین کے امور کے نئے وزیر ہوں گے۔

گری راج سنگھ کو ٹیکسٹائل وزارت کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ بھوپیندر یادو کو ماحولیات کی وزارت، ہردیپ سنگھ پوری کو پیٹرولیم کی وزارت اور منسکھ مانڈویا کو محنت و کھیلوں کی وزارت سونپی گئی ہے۔ ارجن رام میگھوال کو قانون کی وزارت کا آزادانہ چارج دیا گیا ہے۔ جی کشن ریڈی کو کوئلے کی وزارت اور شہری ہوابازی کا قلمدان TDP لیڈر رام موہن نائیڈو کو سونپا گیا ہے جبکہ ڈاکٹر ایل موروگن اطلاعات و نشریات کے وزیرمملکت کے عہدے پر برقرار رہیں گے۔

نئی دلی سے سپرنا ساتیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ بیگم

## CABINET PM AWAS

حکومت، مکانات کی تعمیر کے اہل خاندانوں کی بڑھتی تعداد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تین کروڑ دیہی اور شہری مکانات کی تعمیر کے لیے مالی امداد فراہم کرے گی۔ اس بارے میں آج نئی دلی میں نوتشکیل شدہ NDA حکومت کی پہلی کابینہ میٹنگ میں فیصلہ لیا گیا۔

مرکزی حکومت سال 2015 سے دیہی اور شہری علاقوں کے اہل افراد کو مکانات کی تعمیر کے لیے پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت مالی امداد فراہم کر رہی ہے۔ یہ مکانات بنیادی ضروریات سے آراستہ ہیں۔ گذشتہ دس سال میں اس اسکیم کے تحت اہل غریب خاندانوں کے لیے 4 کروڑ 21 لاکھ مکانات کی تعمیر مکمل ہوئی ہے۔

پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت تعمیر کیے گئے سبھی مکانات بیت الخلاء، LPG کنکشن، بجلی کنکشن اور پانی کے نل جیسی بنیادی ضروریات سے آراستہ ہیں۔

یہ مکانات مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی دیگر اسکیموں سے مطابقت رکھتے ہوئے تعمیر کیے گئے ہیں۔×

## MODI PM KISAN

جناب نریندر مودی نے آج تیسری مدت کے لیے وزیراعظم کی حیثیت سے کام کاج سنبھال لیا ہے۔ ایک مرتبہ پھر کام کاج سنبھالنے کے بعد جناب مودی نے 'پی ایم کسان سمّان نِدھی' کی 17 ویں قسط جاری کرنے سے متعلق پہلی فائل پر دستخط کیے۔ اِس کے تحت تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے تقسیم کیے جائیں گے جس سے 9 کروڑ 30 لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوگا۔ جناب مودی نے کہا اُن کے پہلے فیصلے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ نئی حکومت کسانوں کی فلاح وبہبود کے تیئں عہدبستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت کسانوں اور زرعی شعبے کی بہبود کے لیے اور زیادہ عزم کے ساتھ کام کرتی رہے گی۔×

## ANDHRA PRADESH SWEARING

تیلگودیشم پارٹی کے لیڈر این چندر بابو نائیڈو کو بدھ کے روز آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ کے طور پر کرشنا ضلع کے Gannavaram میں حلف دلایا جائے گا۔ جناب نائیڈو 2014 میں آندھراپردیش کی تقسیم کے بعد دوسری مرتبہ ریاست کے وزیر اعلیٰ کا حلف لیں گے۔جبکہ وہ ایسے پہلے تیلگو ہیں جو چوتھی مرتبہ ریاست کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

TDP کی قیادت والی NDA کی اتحادی پارٹی Jan سینا پارٹی JSP اور BJP نے 13 مئی کو ہوئے اسمبلی انتخابات میں 164 سیٹیں جیت کر زبردست کامیابی حاصل کی ہے۔ اکیلے TDP کو 135 سیٹیں حاصل ہوئی ہیں جبکہ JSP کو سبھی 21 سیٹوں جن پر اس نے چناؤ لڑا تھا جیت حاصل ہوئی ہے اور BJP کو 10 میں 8 سیٹیں حاصل ہوئی ہیں۔X

## ODISHA SWEARING-IN

اوڈیشہ میں اب جبکہ پہلی BJP سرکار کی حلف برداری میں چند دن ہی باقی رہ گئے ہیں۔ اگلے وزیر اعلیٰ کے نام کے بارے میں تجسس اب بھی برقرار ہے۔ BJP نے مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو کو اوڈیشہ اسمبلی میں اس کے MLAs کے انتخاب کا جائزہ لینے کیلئے مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا ہے۔

مرکزی مشاہدین کی موجودگی میں BJP قانون ساز پارٹی کی کل صبح ریاست کی راجدھانی Bhubaneswar میں میٹنگ ہونے کا امکان ہے۔X

## SIKKIM SWEARING-IN

سِکم کرانت کاری مورچہ SKM کے سربراہ پریم سنگھ تمانگ کو آج دوسری مرتبہ سِکم کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا گیا۔ اُن کے ہمراہ 11 کابینی وزراء کی حلف برداری بھی عمل میں آئی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V/C IBOMCHA

جناب تمانگ کو آج سہ پہر ریاست کی راجدھانی گینگٹوک میں Paljor Stadium میں دوسری مرتبہ ریاست کے وزیر اعلیٰ کے طورپر حلف دلایا گیا۔ ریاست کے گورنر لکشمن پرساد آچاریہ نے SKM رہنما کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ ان کے ہمراہ 11 کابینی وزراء کے حلف برداری بھی عمل میں آئی۔ ریاست میں امن، خوشحالی و بہبود کے مقصد سے کی گئی مختلف مذاہب کی گونج کے درمیان حلف برداری کی رسم ادا کی گئی۔آج حلف لینے والے کابینی وزراء میں Sonam Lama, Arunkumar Upreti, Samdup Lepcha, Bhim Hang Limboo, Bhojraj Rai, G.T. Dhungel, Puran Kumar Gurung, Pintso Namgyal Lepcha, Nar Bahadur Dahal, Raju Basnett اور Tshering Thendup Bhutia شامل ہیں۔

## PRESIDENT VISITING DIGNITARIES

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلی میں راشٹرپتی بھون میں بھارت کے پڑوسی ملکوں اور بحر ہند کے خطے کے دورے پر آئے ہوئے لیڈروں سے ملاقات کی۔ دورے پر آئے ہوئے لیڈروں نے کل قومی راجدھانی میں، وزیراعظم نریندر مودی اور کابینہ کے نئے وزراء کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی۔

نیپال کے وزیراعظم پشپ کمل دہل پرچنڈ کے ساتھ اپنی ملاقات میں صدر مرمو نے، ملک کی پڑوسی ملک کو اولیت دینے کی پالیسی کے تحت نیپال کو بھارت کا ترجیحی پاٹنر قرار دیا۔ انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان منفرد تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے بھارت کے عزم سے انہیں واقف کرایا۔

دونوں لیڈروں نے نیپال میں مختلف شعبوں میں ترقیاتی اسکیموں کو مزید آگے بڑھانے کے طریقۂ کار پر تبادلۂ خیال بھی کیا، جن سے دونوں ملکوں کے عوام کو فیض پہنچ رہا ہے۔

مالدیپ کے اپنے ہم منصب کا خیرمقدم کرتے ہوئے صدر نے اعتماد ظاہر کیا کہ ڈاکٹر معزو کی قیادت میں مالدیپ خوشحالی اور ترقی کی راہ پر اپنا سفر جاری رکھے گا۔ صدر نے امیدظاہر کی کہ آنے والے برسوں میں، بھارت-مالدیپ کے تعلقات مستحکم ہی رہیں گے۔

ماریشس کے وزیراعظم پروند کمار جگناتھ کے ساتھ اپنی ملاقات کے دوران صدر مرمو نے توثیق کی کہ ماریشس بحرہند کے خطے میں ''تصور ساگر'' کے ایک حصے کے طور پر بھارت کا ایک اہم بحری شراکت دار ملک رہے گا۔

دونوں لیڈروں نے منفرد اور کثیررخی بھارت ماریشس شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے مل کر کام کرتے رہنے سے اتفاق کیا۔

سی شلز کے نائب صدر احمد عفیف نے بھی صدر جمہوریہ سے ملاقات کی۔ صدر مرمو نے سی شلز کی ترقیاتی امنگوں میں اُس کی حمایت کرنے کے بھارت کے عزم اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے کو مزید فروغ دینے اور سکیورٹی تعاون کو بھی بڑھانے کی توثیق کی، جیساکہ تصور ساگر میں بیان کیا گیا ہے۔ تصور ساگر کا مطلب ہے خطے میں سبھی کی سلامتی اور ترقی۔ دونوں لیڈروں نے سی شلز میں بھارت کی ترقیاتی شراکت داری کی حمایت اور صلاحیتوں کی تشکیل سے متعلق تعاون پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔

اِس کے علاوہ انہوں نے بحر ہند کے خطے میں طویل عرصے سے جاری دفائی تعاون پر بھی بات کی۔ دونوں لیڈروں نے باہمی تعلقات کو باہمی مفاد کے لیے مزید مستحکم کرنے کی غرض سے مل کر کام کرتے رہنے سے اتفاق کیا۔×

## JAISHANKAR

مرکزی وزیر ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج ماریشس کے وزیراعظم پروند جگناتھ سے دلی میں ملاقات کی۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اُن کے درمیان ہوئی بات چیت بھارت-ماریشس کے مابین خصوصی تعلقات کو ظاہر کرتی ہے۔ وزیر موصوف نے نیپال کے وزیراعظم پشپ کمل دہل سے بھی ملاقات کی۔ دونوں لیڈروں نے بھارت-نیپال کے بڑھتے ہوئے تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے نے، شنکر نئی دلی میں آج مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد مُعزّو سے بھی ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ ملادیپ اور بھارت کے درمیان قریبی تعلقات کے ساتھ مل کر کام کرنے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ، سری لنکا کے صدر رانل وکرما سنگھے، بھوٹان کے وزیراعظم شیرنگ توبگے اور سی شلز کے نائب صدر احمد عفیف سے بھی ملاقات کی۔×

## MUTUAL FUND RECORD HIGH

اکویٹی میوچوئل فنڈ میں، مئی کے مہینے میں نقد رقومات کے اعتبار سے قابل قدر اضافہ ہوا اور یہ 34 ہزار 697 کروڑ روپے کی ریکارڈ اونچائی پر پہنچ گیا۔ بھارت کی میوچوئل فنڈز کی ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق یہ اضافہ پچھلے ماہ کے مقابلے 83 اعشاریہ چار دو فیصد کا اضافہ ہے جو ایک نیا سنگ میل ہے۔ لگاتار 39ویں مہینے میں اوپن اینڈیڈ اکویٹی فنڈ میں نقد رقومات کے اعتبار سے مثبت رجحان کا سلسلہ جاری ہے۔ اوپن اینڈیڈ اکویٹی فنڈ میں، مجموعی سرمایہ کاری میں اِس اضافے کی وجہ سیکٹورل اور تھیمیٹک فنڈز میں ہوئی سرمایہ کاری کے سبب ہے، جس میں مئی کے مہینے میں 19 ہزار 200 کروڑ روپے کی مجموعی خریداری ہوئی ہے۔

مزید یہ کہ اسمالر کیپ میں بھی مضبوطی قائم رہی اور اِس میں 2 ہزار 700 کروڑ روپے کی نقد رقم موصول ہوئی، جبکہ مِڈ کیپ فنڈز میں دو ہزار 600 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ہوئی۔×

## J&K OPERATION LAUNCH

جموں و کشمیر میں سکیورٹی فورسز نے کل شام ریاسی ضلع میں ایک مسافر بس پر ہوئے دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں محاصرے اور تلاشی کی بڑی کارروائی شروع کی ہے۔ اِس حملے میں دس افراد ہلاک اور کئی زخمی ہوئے تھے۔

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA کی ایک ٹیم آج ضلع میں پہنچ گئی اور وہ دہشت گردی کے معاملے کی چھان بین کے لیے مقامی پولیس کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ سکیورٹی فورسز حملے کے ذمہ دار دہشت گردوں کا پتہ لگانے کے لیے علاقے میں تلاشی لے رہی ہیں۔ دہشت گردوں نے شیوکھوری مندر سے کٹرا کے ماتاویشنو دیوی گپھا کی جانب جارہی بس پر فائرنگ کی، جس کے سبب یہ گاڑی سڑک سے نیچے گر کر ریاسی ضلع پونی علاقے میں واقع تریات گاؤں کے

نزدیک گہری کھائی میں جا گری۔

جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے دہشت گردانہ حملے کو ایک شرانگیزی کی ایک کوشش قرار دیا کہ جموں خطے میں بدامنی پھیلائی جا سکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وزیراعظم اور وزیر داخلہ خود اِس صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ جناب سنہا نے مہلوکین کے لواحقین کے لیے دس-دس لاکھ روپے کے اور زخمیوں کے لیے پچاس -پچاس ہزار روپے کے معاوضے کا اعلان کیا ہے۔

صدر جمہوریہ اور نائب صدر نے دہشت گردانہ حملے پر افسوس ظاہر کیا ہے۔×

## MANIPUR ATTACK

منی پور میں، وزیراعلیٰ این۔ بیرین سنگھ کی جدیدترین سکیورٹی کارکیڈ ٹیم پر آج صبح کانپوکپی ضلعے کے نیوکیبتھل منی میں قومی شاہراہ نمبر 37 پر کوٹلن سینم گاؤں کے نزدیک کچھ نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا۔ یہ قافلہ جیری بام جا رہا تھا۔ البتہ، وزیراعلیٰ اِس ٹیم کے ساتھ نہیں تھے کیونکہ وہ کل جیری بام جائیں گے۔ پولیس رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گھات لگا کر کیے گئے حملے میں ایک پولیس اہلکار کو چوٹیں آئیں ، جسے علاج کے لیے اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ جائے موقع پر اضافی سکیورٹی فورسز تعینات کی گئی ہیں اور حملہ آوروں کو پکڑنے کے لیے تلاشی کی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ منی پور کے وزیراعلیٰ نے، اُن کی جدیدترین سکیورٹی پر حملے کی مذمت کی ہے۔

انہوں نے یقین دلایا ہے کہ حکومت قصورواروں کو پکڑنے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی۔ وہ اُس زخمی ڈرائیور سے ملنے بھی گئے جسے گولیاں لگی ہیں اور جو امپھال کے ایک پرائیویٹ اسپتال میں زیر علاج ہے۔×

☆☆☆☆☆